ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (328)

مورخہ 13.06.23

# بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 09 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے اسلحہ ناجائز، شراب اور لاکھوں روپے مالیتی 2400 گرام ہیروئین برآمد، جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائینز، تھانہ صدر بہاول پور، تھانہ عباس نگر، تھانہ سمہ سٹہ پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے ملزمان ہارون الرشید، مظفر نعیم، محمد اعجاز اور محمد سیفل کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 200 لیٹر دیسی شراب، 200 لیٹر لہن اور چالو بھٹی برآمد کر لی جبکہ تھانہ صدر بہاول پور پولیس نے منشیات فروشی کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ملزم غلام حسین عرف کالا کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی 2400 گرام ہیروئن برآمد کر لی۔تھانہ صدر بہاول پور، تھانہ ڈیرہ نواب صاحب پولیس نے دوران انٹیروگیشن گرفتار ملزمان غلام حسین عرف کالا، غلام مصطفی اور وقار انجم کی نشاندہی پر ریڈ کر کے 03 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناونے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈان کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تا کہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ معاشرے میں بدامنی پھیلانے والے افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز سمیت گرفتار ملزمان